مشکوٰۃ شریف



تصنیف: امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب رحمہ اللہ
(متوفی ۷۴۲ھ)

ترجمہ: فاضلِ شہیر مولینا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری علیہ الرحمہ

دوسری فصل

۱۵۳/۲۲ عن ربيعة الجرشي قال أتي نبي الله صلى الله عليه وسلم فقيل له لتنم عينك ولتسمع أذنك وليعقل قلبك قال فنامت عيناي وسمعت أذناي وعقل قلبي قال فقيل لي سيد بنى دارا فصنع فيها مادبة وأرسل داعيا فمن أجاب الداعي دخل الدار وأكل من المادبة ورضي عنه السيد ومن لم يجب الداعي لم يدخل الدار ولم يأكل من المادبة وسخط عليه السيد قال فالله السيد ومحمد الداعي والدار الإسلام والمادبة الجنة۔

(رواه الدارمي)

حضرت ربیعہ جرشی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نیند کی حالت میں ایک فرشتہ آیا اس گفتگو میں آپ سے کہا گیا کہ آپ کی آنکھیں محو خواب ہوں کان سنیں اور دل سمجھے حضور علیہ السلام نے جواب میں فرمایا میری آنکھیں مصروف خواب ہیں کان سن رہے ہیں اور میں حضور قلب سے سمجھ رہا ہوں، حضور علیہ السلام نے فرمایا پھر مجھ سے کہا گیا ایک سردار نے گھر بنایا اور دعوت کا اہتمام کیا اور ایک شخص کو دعوت کا اعلان کرنے کیلئے بھیجا۔ اس دعوت کو جس نے قبول کر لیا اور اگر دعوت کھائی تو سردار اس سے راضی اور خوش ہو گیا اور جسنے بلانے والے کی بات پر یقین نہ کیا نہ تو سردار کے گھر آیا اور نہ اسکی دعوت میں شرکت کی تو سردار اس سے ناراض ہو گیا سرکار نے فرمایا اللہ تعالیٰ بمنزلہ سردار اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بلانے والے گھر اسلام ہے

۱۵۴/۲۳ وعن أبي رافع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ألفين أحدكم متكئا على أريكته يأتيه الأمر من أمري مما أمرت به أو نهيت عنه فيقول لا أدري ما وجدنا في كتاب الله اتبعناه۔

رواه أحمد وأبو داود والترمذي وابن ماجة والبيهقي في دلائل النبوة۔

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہیں تم میں کسی شخص کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ چھپر کھٹ پر تکیہ لگائے آرام کرتا ہو اور اس کے پاس میرے احکام میں سے کوئی حکم بیان کیا جائے۔ یا کسی بات کو کرنے سے منع کیا ہے اور وہ اس کے جواب میں یہ کہے ہم نہیں جانتے ہم نے تو وہی کیا ہے یا کرینگے جو کچھ ہم نے کتاب اللہ میں دیکھا ہے (احمد ابو داؤد ترمذی ابن ماجہ بیہقی نے یہ روایت دلائل النبوۃ میں نقل کی ہے)

۱۵۵/۲۴ وعن المقدام بن معديكرب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ألا إني أوتيت القرآن ومثله معه ألا يوشك رجل شبعان على أريكته يقول عليكم بهذا القرآن فما وجدتم فيه من حلال فأحلوه وما وجدتم فيه من حرام فحرموه وإن ما حرم رسول الله صلى الله عليه وسلم كما حرم الله ألا لا يحل لكم الحمار الأهلي ولا كل ذي ناب من السباع ولا لقطة معاهد إلا أن يستغني عنها صاحبها ومن نزل بقوم فعليهم أن يقروه فإن لم يقروه فله أن يعقبهم بمثل قراه رواه أبو داود وروى الدارمي نحوه وكذا ابن ماجة إلى قوله كما حرم الله۔

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک مجھے قرآن اور اسکی مثل ایک چیز عطا کی گئی ہے درحقیقت ایک پیٹ بھرا شخص تخت پر تکیہ لگائے تم سے کہہ رہا ہے کہ قرآن کریم میں جو چیز حلال لکھی ہے اسکو حلال جانو اور جس چیز کو حرام لکھا ہے اسکو حرام سمجھو سن لو درحقیقت رسول خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بھی اسی طرح چیزوں کو حرام کیا ہے جیسے اللہ نے حرام فرمائی ہیں خبردار ہو جاؤ تمہارے لئے گھریلو گدھے حلال نہیں ہیں اسی طرح پھاڑ کھانیوالا جانور (شیر چیتا۔ کتا وغیرہ) بھی۔ اور معاہد کا لقطہ (چھوڑا ہوا سامان) مگر جبکہ اسکا مالک اس سے بے پرواہ ہو۔ اگر کوئی شخص کسی قوم میں مہمان ہو تو میزبانوں کو چاہیے کہ اسکی مہمان داری کریں لیکن اگر وہ میزبان بننے کے لیے تیار نہ ہوں تو اس مہمان کو چاہیے کہ ان سے زبردستی مہمانی لے

(ترجمہ) احمد، ابو داؤد